**Sample Question Paper (2026-27)**

**Subject Urdu Core**

**Class XII**

**Time: 3 Hours** **Code (303)** **M.M. 80**

**نوٹ:** سبھی سوالات غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

## Section A - (حصہ (الف

**سوال نمبر1: درج ذیل غیر درسی عبارت کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔**

**[5+5=10]**

**(A)** سر سید احمد خاں ایک ایسی شخصیت کا نام ہے جس نے تعلیمی تہذیبی اور معاشرتی زندگی کے ہر شعبہ میں ہماری رہبری اور رہنمائی کی ہے۔ وہ ادیب، شاعر، مورخ، مفکر اور مصلح تھے۔ وہ یہ اچھی طرح جانتے تھے کہ اگر قوم کو زندہ رہنا ہے تو وقت کے تقاضوں کا ساتھ دینا ہوگا۔ وہ چاہتے تھے کہ مغربی تہذیب اور روایات کے ایسے عناصر جو ہماری قوم کے مسائل حل کرنے میں مددگار ہو سکتے ہیں انہیں قبول کر لیا جائے۔ یہی سر سید تحریک تھی۔ اس تحریک کی بنیاد فراخ دلی اور عقیدت پر تھی۔ سر سید احمد نے ''تہذیب الاخلاق'' رسالہ جاری کیا۔ سائنٹفک سوسائٹی قائم کی اور علی گڑھ کالج کی بنیاد ڈالی، جو آج مسلم یونیورسٹی ہے۔ سر سید احمد خاں نے اپنی تحریروں اور رسالوں کے ذریعہ اردو زبان و ادب، شاعری اور تنقید کا رخ موڑ دیا۔ ان کے رفقاء میں محمد حسین آزاد، نذیر احمد، الطاف حسین حالی اور مولانا شبلی قابل ذکر ہیں۔ سر سید تحریک نے اردو شعرا اور مصنفین کو نیا ادبی نقطۂ نظر دیا۔ موضوعات کو وسعت بخشی اور بیان کی سلاست اور سادگی پر زور دیا۔

I- سر سید کن کن حیثیتیوں سے پہچانے جاتے ہیں؟

II- سر سید کے رسالہ کا نام بتایئے۔

III- سر سید تحریک کی بنیاد کن باتوں پر تھی؟

IV- سر سید تحریک نے اردو شعرا اور مصنفین کو کیا دیا؟



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

V- علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی کون ہیں؟

**(B)** ڈولفن دنیا کی سب سے ذہین آبی مخلوق ہے۔ یہ مچھلی ہے اور نہیں بھی۔ اس کی شکل مچھلی سے ملتی ہے۔ لیکن یہ اپنے بچوں کو دودھ پلاتی ہے۔ اس لیے مچھلیوں کی نسل میں سے نہیں ہے۔ سائنسدانوں نے اسے دودھ پلانے والے جانوروں میں شمار کیا ہے۔

ڈولفن انسانوں کی دوست ہوتی ہے۔ اسے انسان اچھے لگتے ہیں۔ وہ انسانوں سے ہمدردی سے پیش آتی ہے۔ انسان اسے پالتے ہیں۔ اسے تربیت دیتے ہیں اور وہ تربیت کے بعد ان کے اشاروں پر ناچتی ہے۔ الگ الگ طرح کے کھیل دکھاتی ہے اچھلتی کودتی ہے۔ پانی میں دوڑتی ہے۔ بال سے کھیلتی ہے۔ اس کی انہی باتوں کے سبب یہ مانا جاتا ہے کہ اس میں زبان سیکھنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے۔ انسان طوطوں اور دوسرے پرندوں کو اپنی زبان سکھانے کی کوشش کرتا رہا ہے۔ کچھ حد تک اس میں کامیابی بھی مل ہے۔ لیکن یہ موقع ابھی نہیں آیا کہ ان کے ساتھ با معنی بات چیت کی جاسکے۔ البتہ ڈولفن کے ساتھ اشاروں میں بات چیت ہوتی ہے۔ وہ سیٹی کی آواز سن کر ردِّ عمل کرتی ہے اور انسان اسے تربیت دیتے ہیں کہ وہ ان کے اشاروں پر چلے۔ دوستی کے اس رشتے کو دونوں نے نبھایا ہے۔ انسان ڈولفن سے محبت کرتا ہے اور ڈولفن انسان سے۔

I. ڈولفن کو مچھلیوں میں کیوں شمار نہیں کیا جاتا؟

II. ڈولفن کون کون سے کھیل دکھاتی ہے؟

III. تربیت میں مہارت کے سبب ڈولفن کے بارے میں کیا سوچا جاتا ہے؟

IV. ڈولفن کس آواز پر رد عمل کرتی ہے؟

V. ڈولفن اور انسانوں کے بیچ رشتے کی وضاحت کیجیے۔

**سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔** [1x10=10]

(i) میرا ملک ہندوستان (ii) پسندیدہ شاعر (iii) سوشل میڈیا کی اہمیت

**سوال نمبر 3: (A) بہن کی شادی میں جانے کے لیے اپنے پرنسپل کے نام چار دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔** [1x8=8]

**یا**

(B) اپنی والدہ کو خط لکھ کر فیس جمع کرنے کے لیے رقم بھیجنے کی درخواست کیجیے۔

**سوال نمبر4: درج ذیل عبارت کا خلاصہ لکھیے اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے۔** [5+2=7]

اچھے کھلاڑیوں کی دنیا کے ہر ملک میں قدر کی جاتی ہے۔ سماج میں ان کو باعزت مقام حاصل ہوتا ہے۔اور ان کے کھیل کی صلاحیتیں ان کو روزگار مہیا کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ کھیلنے سے صحت اچھی رہتی ہے۔ کھیل سے نہ صرف جسم مضبوط اور تندرست ہوتا ہے بلکہ دماغ بھی تروتازہ ہوتا ہے۔ کھیل کے ذریعہ نہ صرف ایمانداری کے ساتھ کام کرنے کی عادت ہوتی ہے بلکہ اپنے مخالفین سے اچھا برتاؤ کرنا بھی آتا ہے اور مشکل وقت میں ٹھنڈے دماغ کے ساتھ صورت حال پر قابو پانے کا سبق بھی ملتا ہے۔ ہر کھلاڑی جیتنے کے لیے کھیل کھیلتا ہے لیکن اگر جیتنے کے امکان کم ہوتے ہیں تو وہ ہمت نہیں ہارتا بلکہ اور زیادہ محنت اور لگن اور توجہ کے ساتھ کھیلتا ہے تاکہ جیت سکے۔ کھیل کے ذریعے کھلاڑیوں میں نظم وضبط پیدا ہوتا ہے۔ وہ ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کا سلیقہ سیکھتے ہیں۔ ٹیم کے کپتان کا حکم ماننے کا سبق حاصل کرتے ہیں اور مقصد کو حاصل کرنے کے لیے متحدہ کوشش کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

**سوال نمبر5: درج ذیل محاوروں میں سے کسی پانچ کے معنی لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔** [2x5=10]

(i) پینترا بدلنا (ii) فتنہ کھڑا کرنا (iii) طوطی بولنا (iv) برس پڑنا

(v) جوئے شیر لانا (vi) خاک میں مل جانا (vii) مونچھ اونچی رہنا (viii) ناک کٹنا

## Section B - حصہ (ب)

**سوال نمبر6: درج ذیل نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔** [2+1+1+1+2=7]

ایک اور جگہ سے دعوت نامہ آیا۔ ہمارے میزبان وہاں کے معزز اور دولت مند لوگوں میں سے تھے۔ میزبانی کے فرائض خاتون خانہ ادا کر رہی تھیں۔ ڈرائنگ روم میں پہنچے تو دن کو تارے نظر آنے لگے۔ ایسی خوبصورت اور پُر تکلف نایاب چیزیں ایک ساتھ دیکھنی کب نصیب ہوئی تھیں۔ البتہ ان کا تذکرہ میلاد میں سنا تھا یا طِلسم ہوش رُبا میں پڑھا تھا۔ مالک سے زیادہ پُر شوکت نوکر نوکرانیاں تھیں۔ کس کی تعظیم کیجیے اور کس سے تعظیم لیجیے۔ کھانے کے کمرے میں داخل ہوئے تو معلوم ہوا کہ

شاید دنیا کے سب سے بڑے آدمی کا سب سے بڑے شفاخانے میں آپریشن ہونے والا ہے۔ ہر طرف سوائے صفائی اور سامان جرّاحی کے کچھ نظر نہ آتا تھا۔ اول تو کھانے کا گانگ بجا تو ہم نے سمجھا ہماری روح قبض کرنے کا کوئی آلہ ایجاد ہوا ہے۔ کھانا آیا اور آتا رہا۔

i. یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

ii. میز بانی کے فرائض کس نے ادا کیے ؟

iii. مالک سے زیادہ پر شوکت کون تھا؟

iv. کھانے کا گانگ سن کر مصنف کو کیا لگا؟

v. لفظ 'پر شوکت' اور 'شفاخانہ' کے معنی لکھیے ؟

**سوال نمبر 7: مہرولی کے بازار کا کیا نقشہ تھا؟** [1x5=5]

**یا**

**''گاؤں کی لاج'' کی روشنی میں رائے صاحب اور خان صاحب کے کرداروں پر روشنی ڈالیے۔**

**سوال نمبر 8: درج ذیل سوالات میں سے صرف چار کے جواب لکھیے۔** [2x4=8]

i. صوبہ کا نام میگھالیہ کیوں رکھا گیا؟

ii. ڈرامہ آگرہ بازار میں لوگ بازار سے بے نیازی سے کیوں گزر جاتے تھے ؟

iii. رائے صاحب مہتو گڑھیا کا مقدمہ کیوں ہار گئے ؟

iv. لتا کے گائے ہوئے گیتوں میں کون سی بات آسان اور فطری معلوم ہوتی ہے ؟

v. چچا چھکن کے خط کو منصرم صاحب کی بیوی نے کیوں واپس کر دیا؟

vi. مصنف کے بھائی نے مزاج پرسی کرنے والوں کے لیے فون کی پابندی پر کیا نوٹس لگایا؟

vii. خطوں کو غالب نے اپنی دل لگی کا سامان کیوں کہا ہے ؟

viii. رعایا نے بادشاہ سے کیا انعام پایا؟

**سوال نمبر9: (A) نظم ''پرچھائیاں'' کا مرکزی خیال لکھیے۔** **[5x1=5]**

**یا**

**(B) مثنوی ''اپنے گھر کا حال'' میں پیش کیے گئے خیالات کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔**

**سوال نمبر10: درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔** **[5x1=5]**

1. مثنوی کے کیا معنی ہیں؟
2. شاعر نے زمین کو کس سے منسوب کیا ہے؟
3. مثنوی ''اپنے گھر کا حال'' میں ''اس خرابی سے میں ہوا پامال'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
4. نظم ''پرچھائیاں'' کے شاعر کا نام لکھیے؟
5. میر تقی میرؔ کے ماموں کا کیا نام تھا؟

**سوال نمبر11: درج ذیل سوالات کے متبادل جواب میں سے صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے۔** **[5x1=5]**

i. افسانہ کی بنیادی چیز کیا ہے؟

A. مشاہدہ
B. کردار
C. وحدت تاثر
D. مکالمہ

ii. مرزا غالب نے خطوط نگاری میں ایک نئے طرز کی بنیاد ڈالی انہوں نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A. مراسلے کو مکالمہ بنادیا
B. مکالمہ کو مراسلہ بنادیا
C. خط کو مضمون بنادیا
D. مضمون کو خط بنادیا



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

iii. امتیاز علی تاج کس قسم کی تحریروں کے لیے جانے جاتے ہیں؟

A. مزاحیہ

B. سنجیدہ

C. رنجیدہ

D. معلوماتی

iv. ''پھول والوں کی سیر'' کے مصنف کا نام ہے۔

A. علی عباس حسینی

B. حبیب تنویر

C. مرزا فرحت اللہ بیگ

D. سید امتیاز علی تاج

v. دنیا میں سب سے زیادہ بارش والا علاقہ ہے۔

A. شیلانگ

B. بنگال

C. آسام

D. چیراپونجی



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.